سوال

(06) عیدین کی تکبیریں تکبیر اولیٰ کے ساتھ ہی کہنی چاہیے یا سبحان اللہ پڑھنے کے بعد کہنی چاہیے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عیدین کی تکابیر پہلی رکعت میں الحمد شروع کرنے سے پہلے اور سبحانک اللہ پڑھنے کے بعد ادا کرنی چاہئیں یا سبحانک اللہ پڑھنے سے پہلے تکبیر اولیٰ کے ساتھ ادا کرنی چاہئیں ؟ اس کا جواب بھی صحیح حدیث سے تحریر فرمائیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حدیث میں عیدین کی تکبیرین قرآت سے پہلے کہنے کا ذکر آیا ہے بظاہر اس سے یہ معلوم ہوتا ہے ۔ کہ عیدین کی تکبیریں سبحانک اللھم کے بعد ہیں ورنہ قرآت سے پہلے کی بجائے سبحانک اللھم سے پہلے کا ذکر ہوتا لیکن اگر کوئی پہلے کہہ لے تو بھی حرج نہیں کیوں کہ حدیث میں صراحت کسی جانب نہیں آئی ۔

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 3 ص 111

محدث فتویٰ